22.03.2025

21.15 Hrs

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

Music

..............................................................................

☆ بین الاقوامی مالی فنڈ نے کہا ہے کہ گذشتہ دس سال میں بھارت کی GDP دو اعشاریہ ایک ٹریلین ڈالر سے دوگنا ہوکر چار اعشاریہ تین ٹریلین ڈالر تک پہنچ گئی۔

☆ نامور ہندی شاعر اور ادیب ونود کمار شُکل کو گیان پیٹھ ایوارڈ سے سرفراز کئے جانے کا اعلان کیا گیا ہے۔

☆ سامان اور خدمات ٹیکس GST انٹیلیجنس کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے غیرقانونی یا ضابطوں پر عمل نہ کرنے والی غیرملکی آن لائن منی گیمنگ کمپنیوں کی 357ویب سائٹس کو بلاک کردیا ہے۔

☆ جنوب مغربی نائیجر میں ایک مسجد پر دہشت گردانہ حملے میں کم از کم 44افراد مارے گئے ہیں۔

☆ کھیلو انڈیا پیرا گیمز میں سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑیوں Nitesh کمار، کرشنا ناگر اور منیشا رام داس نے اپنے اپنے زمروں میں سونے کے تمغے جیتے ہیں۔

☆ اور 2025کے IPL کرکٹ ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں رائل چیلنجرس بینگلورو کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہو رہا ہے۔

..............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

## IMF India Growth

گذشتہ دس سال میں بھارت کی مجموعی اندرونِ ملک پیداوار GDP دوگنا ہوگئی ہے اور 105فیصد کی شرح ترقی کے ساتھ یہ 2025میں چار اعشاریہ تین ٹریلین ڈالر تک پہنچ گئی ہے جبکہ 2015میں یہ دو اعشاریہ ایک ٹریلین ڈالر تھی۔

بین الاقوامی مالی فنڈ کی طرف سے جاری کئے گئے ڈیٹا کے مطابق بھارت GDP کے اعتبار سے دنیا میں پانچواں سب سے بڑا ملک ہے۔ اِس سے پہلے امریکہ، چین، جرمنی اور جاپان کا نمبر ہے۔
اُس نے یہ بھی کہا ہے کہ جلد ہی بھارت، جاپان سے آگے نکل جائے گا کیونکہ گذشتہ دہائی میں جاپان کی GDP میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے۔ اِس کے مقابلے اِسی عرصے کے دوران امریکہ کی GDP میں 66فیصد اور چین کی GDP میں 44فیصد اضافہ ہوا۔x

**PLI Schemes**

کامرس اور صنعتوں کی وزارت نے کہا ہے کہ 14اہم شعبوں کیلئے پیداوار سے منسلک ترغیبات کی اسکیم کے تحت اب تک 764درخواستوں کو منظوری دی گئی ہے۔ بڑی مقدار میں ادویات، طبی آلات، فارما، ٹیلی مواصلات، گھریلو استعمال کے الیکٹرانک سامان، خوراک کو ڈبہ بند کرنے، ٹیکسٹائلز اور ڈرونز جیسے شعبوں میں پیداوار سے منسلک ترغیبات اسکیم سے فائدہ حاصل کرنے والے اداروں میں 176ایم ایس ایم ای شامل ہیں۔

پچھلے سال نومبر تک تقریباً ایک لاکھ 61ہزار کروڑ روپئے کی حقیقی سرمایہ کاری کی اطلاع ملی ہے۔ اِس کے نتیجے میں سال 2024-25 تک تقریباً 14لاکھ کروڑ روپئے کی پیداوار اور فروخت ہوئی ہیں جبکہ نشانہ 15لاکھ 62 ہزار کروڑ روپئے طے کیا گیا تھا۔

اِس کے ساتھ ساتھ ساڑھے گیارہ لاکھ سے زیادہ براہِ راست اور بالواسطہ ملازمت کے مواقع بھی دستیاب ہوئے۔ پیداوار سے منسلک ترغیبات کی اسکیموں کی بدولت بھارت کی برآمدات میں بڑی تبدیلی آئی ہے اور اب روایتی اشیاء کے ساتھ ساتھ اعلیٰ قسم کی دیگر اشیاء اور سامان بھی برآمد کیا جارہا ہے، جن میں الیکٹرانکس، ٹیلی مواصلات کا سامان اور ڈبہ بند غذائی اشیاء شامل ہیں۔x

**Punjab ISRO**

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اسرو کے چیئرمین ڈاکٹر وی نارائنن نے کہا ہے کہ تنظیم، ایک بھارتی کو چاند پر لے جانے اور بحفاظت واپس لانے کے مشن پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا 2035 تک خود کا خلائی اسٹیشن ہوگا۔ وہ جالندھر کے پاس Lovely پروفیشنل یونیورسٹی میں آٹھویں چھاتر سنسد میں اہم مقررین کی حیثیت سے شرکت کر رہے تھے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...

VC- Rajesh Bali

ڈاکٹر نارائنن نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک بھارتی کو چاند تک لے جانے اور بحفاظت واپس لانے کے مشن کی خاطر رہنما خطوط دیئے ہیں اور اسرو 2040 تک اِسے حاصل کرلے گا۔ ناسا کے خلا بازوں سُنیتا ولیمز اور Butch Wilmore کی خلا سے 9مہینے کے بعد بحفاظت واپسی پر ڈاکٹر نارائنن نے کہا کہ وہ سوئے نہیں اور پورے مشن کو دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے خود کے مشنوں کیلئے دوسروں کی کامیابی سے سیکھنا چاہیے۔ انہوں نے بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کی خاطر اپنی پسند کے متعلقہ شعبے میں طلباء کی یکسوئی کے ساتھ کام کرنے کی خاطر حوصلہ افزائی کی۔

جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں نرگس

**Jnanpith Award**

چھتیس گڑھ سے تعلق رکھنے والے نامور ہندی شاعر اور ادیب ونود کمار شکل کو ادب کیلئے بھارت کے اعلیٰ

ترین اعزاز گیان پیٹھ ایوارڈ سے سرفراز کئے جانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ یہ اعلان آج نئی دلّی میں کیا گیا۔

جناب ونود کمار شکل یکم جنوری 1947 کو راج نند گاؤں میں پیدا ہوئے۔ وہ رائے پور میں رہتے ہیں اور تقریباً پچاس سال سے تصانیف تحریر کرتے رہے ہیں۔ اُن کی اہم تخلیقات میں شعری مجموعہ ''لگ بھگ جئے ہند'' اور ناول ''نوکر کی قمیص''، ''کھِلے گا تو دیکھیں گے'' اور ''دیوار میں ایک کھڑکی'' شامل ہیں۔

اُن کی مختلف کہانیوں اور نظموں کو کافی سراہا گیا۔ اِن میں ''مہاودیالیہ''، ''وہ آدمی چلا گیا'' اور ''آکاش دھرتی کو کھٹکتا ہے'' شامل ہیں۔

جناب ونود کمار شکل بچوں کی کتابیں بھی تحریر کرتے رہے ہیں اور اُن کی کتابوں کا مختلف زبانوں میں ترجمہ بھی کیا گیا ہے۔ اُنھیں ساہتیہ اکاڈمی ایوارڈ سمیت کئی اعزازات سے نوازا جاچکا ہے۔ گیان پیٹھ ایوارڈ دیئے جانے پر انھوں نے کہا کہ یہ اُن کیلئے بڑے اعزاز کی بات ہے جس سے ذمے داری کے اُن کے احساس کو اور تقویت ملی ہے۔

S/B-2100 Vinod Shukla

اِدھر چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ وشنو دیو سائی نے گیان پیٹھ ایوارڈ دیئے جانے کے اعلان پر جناب ونود کمار شکل کو مبارکباد دی ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ چھتیس گڑھ کیلئے بہت فخر کی بات ہے۔x

## DGGI-On Line Money Gaming

GST انٹلیجنس کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے ٹیکس چوری کی روک تھام کیلئے اپنی کارروائی تیز کرنے کے تحت 357 غیرقانونی یا ضابطوں پر عمل نہ کرنے والی غیرملکی آن لائن Money Gaming ویب سائٹس کو Block کردیا ہے۔ Gaming، سٹے بازی اور Gambling میں ملوث تقریباً 700 غیرملکی کمپنیوں کے خلاف چھان بین کی جارہی ہے۔

وزارت خزانہ کے مطابق یہ پلیٹ فارمس، رجسٹریشن نہ کراکر، ٹیکس والی آمدنی کو چھپاکر اور ٹیکس ادا کرنے سے بچنے کا راستہ اختیار کرتے ہوئے GST ادا نہیں کر رہے ہیں۔ حکام نے تقریباً دو ہزار بینک کھاتوں کو بلاک کردیا ہے، چار کروڑ روپے کے لین دین پر روک لگادی ہے اور 122 کروڑ روپے قرق کرتے ہوئے UPI سے وابستہ 392 کھاتوں پر روک لگائی ہے۔GST انٹلیجنس کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے 166 فرضی کھاتوں کو بھی بلاک کیا ہے اور تین افراد کو گرفتار کیا ہے۔ ادھر سرکار نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے پیسے کو محفوظ رکھنے کی خاطر غیرملکی گیمنگ پلیٹ فارمس سے گریز کریں۔x

## World Water Day

آج پانی سے متعلق عالمی دن منایا جارہا ہے، جس میں تازے پانی کی اہمیت اور پانی کے پائیدار بندوبست کی ضرورت پر زور دیا جارہا ہے۔ اِس سال کا موضوع ہے: ''گلیشیرس کا تحفظ''

اس کے تحت عالمی سطح پر پانی کی سپلائی برقرار رکھنے میں گلیشیرس کے اہم رول اور آب وہوا کی تبدیلی کے

تناظر میں اِنھیں محفوظ رکھنے کی ضرورت کو اجاگر کیا گیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC-Bhanu Pratap-WWD

بھارت کے پاس اپنی آبادی کی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے تازہ پانی کے دنیا کے ذخائر کا محض 4فیصد ہے۔ حکومت پانی کی قلت سے نمٹنے اور پانی کے بندوبست کو بہتر بنانے کیلئے مختلف اسکیمیں اور اقدامات نافذ کر رہی ہے۔ جل جیون مشن کے تحت پورے ملک میں 15 کروڑ سے زیادہ گھروں میں پانی کے کنکشن فراہم کئے گئے۔ اٹل گراؤنڈ واٹر اسکیم کے ذریعے پانی کی سطح میں کمی آنے کے بارے میں لوگوں میں بیداری پیدا کی گئی۔ امرت سرووَر مشن نے آبی وسائل کو نئی جلا بخشی، نیز پردھان منتری کرشی سینچائی یوجنا کا مقصد سنچائی میں پانی کے بہتر استعمال کو فروغ دینا ہے۔ صاف پانی کی فراہمی کیلئے 5لاکھ گاؤوں سے 25لاکھ خواتین کو پانی کے نمونوں کی جانچ کرنے کی تربیت دی گئی ہے۔ پانی کی سپلائی کے نظام کے بندوبست کیلئے سرکار نے 5لاکھ سے زیادہ پانی سمیتیاں تشکیل دی ہیں۔

بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

اِدھر وزیر اعظم نریندر مودی نے پانی کی بچت اور پائیدار ترقی کے تئیں بھارت کے عہد کو دوہرایا ہے۔ جناب مودی نے ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے مختلف تہذیبوں کے تعلق سے پانی کی نمایاں اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔

S/B PM on Jal 30 SECS

اس موقع پر جل شکتی محکمے کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے ہریانہ میں پنچکلہ سے ملک گیر جل شکتی ابھیان Catch the Rain - 2025 کا آغاز کیا۔ مختلف وزارتوں کے اشتراک سے شروع کی گئی مذکورہ مہم میں بارش کے پانی کو بچاکر رکھنے، زیر زمین پانی کے ریچارج اور 148ضلعوں میں پانی کی بچت کے معاملے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

اس کے علاوہ، جناب سی آر پاٹل نے دریاؤں، چشموں اور جنگلات کے درمیان ماحولیاتی تعلق کو تقویت پہنچاتے ہوئے ایک اور مہم کا بھی آغاز کیا جس کا عنوان ہے "Jal-Jungle-Jan: Ek Prakritik Bandhan Abhiyan"

S/B-CR Patil-JJM 17 SECS

## MOEFCC Climate Change

ماحولیات کے وزیر مملکت کرتی وردھن سنگھ نے آج زور دے کر کہا کہ مقامی سطح سمیت حکمرانی کی سبھی سطحوں پر آب و ہوا کی تبدیلی کو جامع طور پر اختیار کیے جانے کی ضرورت ہے۔ نئی دلّی میں آب و ہوا کی تبدیلی سے متعلق ایک لکچدار مستقبل کی تعمیر : بھارت 2047، کے موضوع پر ایک مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے آب و ہوا کی تبدیلی کے چیلنجوں سے نمٹنے میں بھارت کی پیش رفت کو اجاگر کیا۔ جناب سنگھ نے شدید گرمی، پانی قلت، صحت کی دیکھ بھال کے لکچدار نظام، ضرورت کے حساب سے رقومات فراہم کرنے اور ماحولیات میں

اختراع جیسے اہم معاملات پر بات کی۔ انہوں نے آب و ہوا کی تبدیلی کے لحاظ سے جامع اورلکچدار اقدامات پر زور دیا۔ x

## Piyush Goyal Startup Festival

کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے اسٹارٹ اَپ اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ اختراع کو اپناتے ہوئے معاشرے اور قومی اہمیت کی حامل ضروریات کو ترجیح دیں۔ احمدآباد میں Vejalpur اسٹارٹ اَپ فیسٹیول میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے انھوں نے ترقی یافتہ بھارت بنانے میں اُن کے رول پر زور دیا۔ جناب گوئل نے اسٹارٹ اَپ اداروں کی معاونت کیلئے Fund of Funds جیسی سرکار کی پہل کو اجاگر کیا۔

انھوں نے پورے ملک میں اسٹارٹ اَپ کا ایک مضبوط نظام قائم کرنے کیلئے ایک ماڈل کے طور پر مذکورہ فیسٹیول کی ستائش کی۔ کاروبار اور صنعتکاری کے گجرات سرکار کے جذبے کی تعریف کرتے ہوئے انھوں نے ملازمت کے مواقع پیدا کرنے اور مسائل کے حل میں اسٹارٹ اَپ اداروں کے رول کو اجاگر کیا۔x

## J&K JJM Irregularities

جموں وکشمیر میں قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے جل جیون مشن پر عملدرآمد میں مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات کیلئے ایوان کی ایک کمیٹی تشکیل دیئے جانے کا اعلان کیا ہے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اسپیکر موصوف نے کہا کہ بجٹ اجلاس شروع ہونے کے بعد سے کئی ارکان اسمبلی ایوان کی کمیٹی تشکیل دیئے جانے کا لگاتار مطالبہ کرتے رہے ہیں۔ اسپیکر موصوف نے کہا کہ ایوان مقدم ہے اور جل جیون مشن میں مبینہ بے ضابطگیوں کی چھان بین کیلئے ایوان کی کمیٹی قائم کرنے میں کوئی نقصان نہیں ہے۔x

## Delhi CM Rekha Gupta Budget

دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے آج کہا ہے کہ ریاستی حکومت کو آئندہ دلّی بجٹ کیلئے 10ہزار سے تجاویز موصول ہوئی ہیں۔ قومی راجدھانی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے یقین دلایا کہ یہ بجٹ، وعدوں کو پورا کرے گا اور معاشرے کے سبھی طبقات کے معیارِ زندگی کو بہتر بنائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس عوامی تبادلۂ خیال کے ذریعے یہ بجٹ، حکومت کا نہیں بلکہ دلّی کے عوام کا بجٹ ہوگا۔

دلّی اسمبلی کا بجٹ اجلاس پیر سے شروع ہوگا اور اِس ماہ کی 28 تاریخ تک جاری رہے گا۔ یہ BJP کی قیادت والی حکومت کے دلّی کا اقتدار سنبھالنے کے بعد پہلا بجٹ ہوگا۔ x

## Delhi MLA MCD

دلّی اسمبلی کے اسپیکر وجیندر گپتا نے رواں مالی سال 2025-26 کیلئے دلّی میونسپل کارپوریشن میں دلّی سرکار کی جانب سے نمائندگی کیلئے آج دلّی قانون ساز اسمبلی کے 14ارکان کو نامزد کیا۔ نامزدگیوں کے بارے میں اظہار

خیال کرتے ہوئے جناب گپتا نے اجاگر کیا کہ مقرر کردہ MLAs بجٹ وضع کرنے، شہری انتظامیہ اور شہری حکمرانی سے متعلق معاملات میں MCD کی مدد کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دلّی کے باشندوں کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے کی غرض سے صفائی ستھرائی، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور میونسپل کارپوریشن کو درپیش دیگر چیلنجوں سے نمٹنے میں یہ نامزد MLAs، اہم رول ادا کریں گے۔ x

## Niger Attack

جنوب مغربی Niger میں ایک مسجد پر حملے میں کم سے کم 14 شہری ہلاک اور 13 دیگر زخمی ہوگئے۔ ملک کی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ یہ حملہ، کل دوپہر نماز کے دوران ہوا۔ اِس کا مقام Niger, Barkina Faso اور Mali کی تین سرحدوں پر مبنی خطے کے نزدیک تھا، جو مغربی افریقہ میں القاعدہ اور اسلامک اسٹیٹ سے وابستہ جہادی شورش پسندی کا مرکز ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ حملہ آوروں نے بھاگنے سے پہلے ایک بازار اور مکانوں کو آگ لگا دی۔ حکومت نے EIGS گروپ پر حملے کا الزام لگایا ہے، جو اسلامک اسٹیٹ سے وابستہ ہے۔ x

## Khelo India Para Games 2025

نئی دلّی میں کھیلو انڈیا پیرا گیمز تیسرے دن سخت مقابلہ اور بہترین کارکردگی دیکھنے کو ملے۔ بھارت کے سرکردہ پیرا بیڈمنٹن کھلاڑیوں نے خطابات جیتے، جن میں پیرا لمپک میڈل یافتہ نتیش کمار، کرشنا ناگر اور منیشا رام داس شامل ہیں۔ کیرالہ کی Alphia James اور اتراکھنڈ کی مندیپ کور نے پیرا بیڈمنٹن مقابلوں میں سونے کے تمغ جیتے۔ پیرا تیر اندازی میں پیرالمپک میڈل یافتہ شیتل دیوی اور ابھرتی ہوئی کھلاڑی پائل ناگ، فائنل میں داخل ہوگئے۔ ڈاکٹر کرنی سنگھ، شوٹنگ رینج میں پیرالمپک میں سونے کا تمغہ جیتنے والی Avani Lekhara نے خواتین کے 10 میٹر ایئر رائفل standing SH-1 مقابلے میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اب تک ایتھلیٹکس، بیڈمنٹن اور نشانے بازی میں کھلاڑی سونے کے 75 تمغ جیت چکے ہیں۔ تمل ناڈو، سونے کے 15 کے ساتھ سرفہرست ہے، جس کے بعد ہریانہ کے 14، مہاراشٹر کے 8 اور راجستھان اور اترپردیش کے سونے کے سات سات تمغ ہیں۔ x

## IPL 2025

کرکٹ میں 18 واں انڈین پریمیئر لیگ IPL 2025، کا آج کولکاتا کے ایڈن گارڈنس میں باضابطہ آغاز ہوا۔ IPL کا پہلا مقابلہ دفاعی چمپئن کولکاتا نائٹ رائڈرس اور رائل چیلنجرس بینگلور کے درمیان کھیلا جا رہا ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے کولکاتا نائٹ رائڈرس نے مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 174 رن بنائے۔ رائل چیلنجرس بینگلور کی ٹیم کو مقررہ 20 اوورس میں جیت کیلئے 175 رن بنانے ہوں گے۔ x

☆☆☆☆☆☆